# روحانی درودِ فاطمی
# و آیاتِ بسملہ شریفہ



## درودِ چُہل میم

۳۷


مرتب

’محمد عزیز سلطان ناچیز‘

۹۲ ۷۸۶

# روحانی درود فاطمی
# وآیات بسملہ شریفہ

## درودِ چہل میم
## ۳۷



۹۲/۷۸۶

**نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات**

مَعَ اسْمِ اللہِ الْمَلِکِ السَّلٰمِ

ص م ح م د لی اللہ علیہ وسلم

ص ح م د م لی اللہ علیہ وسلم

ص م د م ح لی اللہ علیہ وسلم

ص د م ح م لی اللہ علیہ وسلم

اس نقش کو دیکھنے والے کی
ہر مشکل حل ہوگی انشاء اللہ

مرتب

بموقع رَبیعُ اَوّل ۱۴۴۰ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین
وحضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم

محمد عزیز سلطان ناچیز

# درود چہل میم (۳۷)

بِسمِ اللهِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ

مَوْلٰنَا وَمَلْجَانَا وَمَاوَانَا مَحْبُوْبِكَ الْاَوَّلِ

وَالْاٰخِرِ وَ مَظْهَرِكَ الظَّاهِرِ وَالْمَخْفِیِّ وَنُوْرِكَ

الْمَحَبَّةِ الْقَدِیْمَةِ الَّذِیْ ظَهَرَ فِیْ مَکَّةَ نُوْرُہٗ

الَّذِیْ جَآءَ مِنْ اٰدَمَ اِلٰی صُلْبِ عَبْدِ اللهِ وَبَعْدَہٗ

اِلٰی بَطْنِ السَّیِّدَةِ اٰمِنَةَ فَوِلَادَتُہٗ کَانَتْ

صَبَاحًا مِّنَ الْفَجْرِ وَحِیْنَئِذٍ تُصَلِّیْ وَ

مَلٰئِکَتُكَ وَکُلُّ مِّنَ الْمَوْجُوْدَاتِ یُصَلُّوْنَ

عَلَيْهِ وَهُوَ نُورُكَ الدَّائِمُ وَالْقَائِمُ مُحَمَّدٌ

رَّسُوْلُ اللهِ وَعَلَى السَّيِّدِ عَبدِاللهِ وَالسَّيِّدَةِ

اٰمِنَةَ وَاٰلِ مَحْبُوبِكَ وَاَهْلِ بَيْتِهِ الْمُكَرَّمَاتِ

وَاَزْوَاجِهِ الْمُطَهَّرَاتِ وَاَصْحَابِهِ الْعِظَامِ

وَجَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالشُّهَدَاءِ وَالْاَوْلِيَاءِ

الْكِرَامِ وَمُحْيِ الدِّيْنِ وَمُعِيْنِ الدِّيْنِ

وَاَحْمَدَوَلِيِّ اللهِ وَحَوَارِيِّ وَلِيِّ اللهِ وَكُلِّ اُمَّتِهٖ

صَلَاةً تَجْعَلُنَا بِهَا مُتَّقِيًّا وَّتَرْزُقُنَا بِهَا مَحَبَّتَكَ

وَمَحَبَّةَ حَبِيْبِكَ وَتَغْفِرُبِهَا لِاُمَمِ حَبِيْبِكَ ○

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع اور خوب خوب درود وسلام نازل ہو ہمارے سردار ہمارے آقا اور ہمارے ملجا وماویٰ تیرے اول وآخر محبوب پر، تیرے ظاہر وباطن مظہر پر، تیرے قدیم محبت کے نور پر جو مکہ میں ظاہر ہوئے جن کا نور آدم سے ہوتے ہوئے سیدنا عبداللہ کی پشت پاک میں آیا اس کے بعد سیدہ آمنہ کے شکم پاک میں آیا پس آپ کی ولادت صبح سویرے ہوئی اس وقت تو اور تیرے فرشتے اور کائنات کے سب ان پر درود پیش کررہے تھے اور وہ تیرے دائم قائم نور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں (اور خوب درود وسلام نازل ہو) سیدنا عبداللہ پر، سیدہ آمنہ پر، تیرے محبوب کی آل پر، آپ ﷺ کی مکرم اہل بیت پر، ستھری ازواج پر، صحابۂ عظام پر، تمام انبیاء وشہدا پر اور اولیائے کرام پر، شیخ محی الدین پر خواجہ معین الدین پر اور مخدوم احمد ولی اللہ اور آپ کے اصحاب

روحانی پر اور آپ ﷺ کی ساری امت پر ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہمیں متقی بنا دے اور ہمیں اپنی اور اپنے حبیب کی محبت عطا کر دے اور اپنے حبیب کی امتوں کو بخش دے۔

فضیلت: جو شخص اس درود کو ۴۰ / ۱۲ / ۷ / بار روزانہ پڑھے گا اللہ اسے متقی بنا دیگا اور اس کا فیض اس کی نسلوں میں جاری ہوگا، اس کے لئے نعمتوں کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اسے اللہ و رسول کی کامل محبت اور رضا حاصل ہوگی قضائے حاجت کے لئے ۷۰ / بار پڑھ کر دعا کرے تو دعا قبول ہوگی ان شاء اللہ تعالیٰ۔

❁ ❁ ❁

# فضائل درود فاطمی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَبِحَمۡدِہٖ
وَبِشُکۡرِہٖ وَبِہٖ نَسۡتَعِیۡنُ ○
بِسۡمِ اللّٰہِ وَالسَّلٰمُ عَلٰی سَیِّدِنَا ھُوَ
مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ﷺ ○

تمام حمد وشکر اس اللہ کے لیے ہے جس نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ کے پاک کلمات کو یقین کامل کے ساتھ قلب میں جاگزیں فرمایا اور خوب درود وسلام نازل ہو ہمارے آقا و مولیٰ اللہ کے حبیب دونوں عالم کے طبیب ساری جہان کے لئے رحمت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کے جملہ احباب واقارب پر دائمی طور پر۔

پیش نظر روحانی درود فاطمی عوالم روحانیہ کے جملہ فیض
وبرکات پر مشتمل ہے جوکہ سیدی ومولائی روحی وقلبی شیخ عبدالقادر
جیلانی کے روحانی فیض اور سیدی ومرشدی سیدنا مخدوم احمد ولی اللہ
جیلانی بغدادی کی دعاؤں سے حاصل ہوئی یہ درود روحانی فاطمی لوح
محفوظ میں مندرج ہے جسے روحانی طور سے صوفیائے کرام کے
پاکیزہ قلوب سے ہوتے ہوئے اس ناچیز کوعطا ہوئی، اس درود کے
بے شمار فیض وبرکات ہیں جسے قلمبند نہیں کیا جا سکتا اس درود کو
کثرت سے فرشتے ورد میں رکھتے ہیں اس درود پاک کی نسبت
حضور نبی کریم ﷺ کی لاڈلی جنتی عورتوں کی سردارن خاتون جنت
سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے اس درود میں کائنات
کلمات اور عوالم حروف کا فیض بدرجۂ اتم شامل ہے اس درود کو
خاتون جنت کے اسم پاک ''فاطمہ'' میں موجود حروف کے مطابق

اعداد کا لحاظ کیا گیا ہے چنانچہ اسم فاطمہ کے اول حرف فائے مکتوبی کو اس کے اعداد ۸۰ ر کے مطابق صرف ۸۰ ر بار ذکر کیا گیا ہے جو کہ اللہ کے کلام فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کے کامل فیض کی طرف اشارہ کر رہا ہے جو شخص اس درود کو روزانہ ۸۰ ر بار پڑھنے کا معمول بنائے گا وہ آسمان وزمین میں موجود جملہ اشیاء کا مشاہدہ کرے گا اور اسے آسمان وزمین کا خیر کثیر عطا کیا جائے گا اور اسم فاطمہ کا دوسرا حرف الف ہے اس درود میں الف مکتوبی کے عدد ا ر کے مطابق صرف ایک بار مذکور ہے جو کہ آیت کریمہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے کامل مناسبت رکھتا ہے جو شخص اس درود کو عدد فائے مکتوبی وعدد الف مکتوبی کہ جس کا مجموعہ ۸۱ ر ہے اس کے مطابق روزانہ ۸۱ ر بار پڑھے گا اللہ اسے اس درود کی برکت سے اپنی اور اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی عطا کرے گا اس کا قلب اور اس

کا ظاہر و باطن نور مصطفیٰ سے منور ہو جائے گا اور وہ خاص الخواص کے گروہ میں شمار کیا جائے گا اس سے جملہ حجابات اٹھا لئے جائینگے وہ جملہ حقائق کا مشاہدہ کرنے والا ہوگا اسے علم لدنی کی دولت عطا ہوگی ۔ اسم فاطمہ کا تیسرا حرف طا ہے طائے مکتوبی کے اعداد ۹ رہیں اس درود میں طائے مکتوبی صرف ۹ ربار آیا ہے جو کہ طٰسٓمٓ کے پاک کلمات کے فیوض و برکات اور اسرار و رموز کو اپنے اندر لیے ہوئے ہے جو شخص عدد فا، الف اور طا کے مطابق (یعنی ۹۰ ربار پڑھے گا اسے مالک الملک کے خصوصی عطیات اور نوازشوں سے مالا مال کیا جائے گا یہ عدد اسم مالک کے عدد سے مناسبت رکھتا ہے جو شخص اس درود کو ۹۰ ربار معمول میں رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے ملک کی بادشاہت اور عزت و کرامت عطا فرمائے گا ،اسم فاطمہ کا چوتھا حرف میم ہے میم مکتوبی کے اعداد ۴۰ رہیں اس درود میں میم کا

ذکر صرف ۴۰ / بار آیا ہے جوکہ آیت کریمہ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی کفایت اور شہادت کو شامل کیے ہوئے ہے جو شخص اس درود کو عدد فا، الف، طا، اور میم کو جمع کر کے ۱۳۰ / بار معمول میں رکھے گا تو اسے فنافی الرسول اور فنافی اللہ کے مقامات حاصل ہونگے اس پر ایسے مکاشفات ظاہر ہونگے کہ وہ بیان نہ کر سکے گا اس کی ہر دعا قبول ہوگی اور اس کی دعا سے بے شمار لوگوں کو جنت میں داخل کیا جائے گا وہ بلا حساب و کتاب والے گروہ میں شامل ہوگا، اور اسم فاطمہ کا پانچواں حرف ہا ہے جس کے عدد ۵ / ہیں اس دردو میں صرف ۵ / بار آیا ہے (واضح ہو کہ تائے مدورہ بھی ہائے ہوز کے حکم میں ہے اور یہ دونوں عدد میں برابر ہیں) جوکہ سورہ حشر کی آخری تین آیتوں کا کامل فیوض و برکات لیئے ہوئے ہے وہ تین آیتیں یہ ہیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

ھُوَاللّٰہُ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَعٰلِمُ الۡغَیۡبِ
وَالشَّھَادَۃِ ھُوَالرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ○ ھُوَاللّٰہُ
الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡمَلِکُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ
الۡمُؤۡمِنُ الۡمُھَیۡمِنُ الۡعَزِیۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَکَبِّرُ
سُبۡحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ○ ھُوَ اللّٰہُ الۡخَالِقُ
الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَہُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی یُسَبِّحُ
لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَھُوَ الۡعَزِیۡزُ
الۡحَکِیۡمُ ○

جو شخص اس درود کو اسم فاطمہ کے اعداد ۱۳۵ / کے مطابق

روزانہ اپنے معمول میں ۱۳۵ / بار رکھے گا اسے قرآن پاک کے
ہر حرف کے فیوض و برکات اور ان کے علم و حکمت سے نوازا جائے گا
اس کا ذکر اللہ رسول اور اہل بیت کی بارگاہ میں کیا جائے گا اور اس
مجلس میں اسے ظاہر و باطن طور سے حاضر ہونے کی توفیق ملے گی وہ
ایسے ایسے اسرار و رموز سے واقف ہوگا کہ خود حیرت میں رہے گا وہ
مستجاب الدعوات ہوگا اس کی دعا کبھی رد نہ کی جائے گی اور وہ آسمان
و زمین کے ظاہر و باطن میں روحانی طور سے سیر کرنے والے ہوگا
اس کی صحبت میں بیٹھنے والے کو اللہ بخش دے گا اس پر جملہ عوالم
روحانیہ اور عرش سے فرش تک کے سارے احوال و واقعات کھول
دئے جائینگے۔

اس درود کو روزانہ ۱۳۵ / بار یا ۹ / بار پڑھنے کا معمول
بنائے اور جو شخص اس درود کو ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک

۱۳۵ / بار پڑھ کر مکمل کرے گا اور اس معمول کو برقرار رکھے گا تو وہ بھی ان تمام انعامات کا حقدار ہوگا۔ خلاصہ یہ کہ یہ درود جملہ روحانی خزانوں سے معمور ہے مولیٰ تعالیٰ ہم سب کو اس درود پاک کو پڑھنے اور اس کے فیوض و برکات سے مالا مال ہونے کی توفیق عطا فرمائے آمین بجاہ سید المرسلین والہ اجمعین۔

# الصلوۃ الفاطمیۃ

رَبِّیْ بِسْمِكَ وَبِحَمْدِكَ رَبِّیْ وَحْدِیْ صَمَدِیْ لَمْ

يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَيْسَ كَمِثْلِ رَبِّیْ شَيْئٌ صَلِّ

وَسَلِّمْ وَكَرِّمْ وَرَحِّمْ وَدَيِّمْ رَحْمَتَكَ

بِدَيْمُوْمَتِكَ عَلٰى حَبِيْبِكَ وَنَبِيِّكَ وَ بِنْتُ

رَسُوْلِكَ بَتُوْلٌ وَقُلَ فِيْ حَدِيْثٍ فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ

مِّنِّيْ وَبِنْتُ رَسُوْلِكَ سَيِّدَةُ نِسْوَةِ جَنّٰتٍ

شَرَفُ حَبِيْبِكَ فَخْرُ مُصْطَفٰكَ وَوَصْفُ رَؤُفِكَ

وَصَفْوُ صَفْوَتِكَ وَفَضْلُ مُفَضِّلِكَ وَفَيْضِ

مُفَيِّضِكَ وَعُرْفُ مَعْرِفَتِكَ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ

عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ وَنُوْرِ فَلَكِ كُلِّ فَلَكٍ

وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ وَفَضِيْلَتِكَ وَفَخْرِ

كَوْنِكَ وَفَتْحِ فُتُوْحِكَ وَمُفَتِّحِ مَوْرِدِ رَحْمَتِكَ

وَرَؤُفِكَ وَفِكْرِكَ وَنَفْسِ نُفُوْسِ خَلْقِكَ

وَتَفْسِيْرِ كَ وَفَيْضِ كُنْ فَيَكُوْنُ وَعَفِيْفِكَ

وَعَفُوِكَ وَحَنِيْفِكَ وَ كَشِفْتِ ضُرٍّ وَرَفِيْعِ

دَرَجٰتٍ وَفَيْضِ كٓهٰيٰعٓصٓ وَحٰمٓ عٓسٓقٓ تَنْزِيْلٌ

مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّ كَبِيْرٍ

مُّسْتَطَرٌ وَجَلِيِّكَ وَخَفِيِّكَ وَلُطْفِ لَطِيْفِكَ

وَعَطُوْفِكَ وَمَغْفِرَتِكَ وَرَفِيْقِكَ وَشَفِيْقِكَ

وَكَفِيْلِ كُلِّ كَوْنِكَ وَصَفِيِّكَ وَ وَفِيِّكَ

وَكَفِيِّكَ وَصَفْوَتِكَ وَوَصْفِكَ وَصِفَتِكَ

وَحِفْظِكَ وَعُرْفِكَ وَفَيْضِ وَحْدَتِكَ

وَصَمَدِيَّتِكَ وَفَيْضِ فُتُوحِكَ وَنُورِ فَرْشِكَ

وَعَرْشِكَ وَفَضْلِكَ وَوَصْفُ رَسُولِكَ مَحْمُودٌ

وَفَصِيحٌ وَعَفِيفٌ وَشَرِيْفٌ وَعَفُوٌّ وَلُطْفٌ

وَلَطِيفٌ وَفَضْلٌ وَذُوسَيْفٍ وَ ذُوفَيْضٍ وَذُو

فَخْرٍ وَذُو فَقْرٍ وَذُوفَتْحٍ وَشَفِيعٌ وَصَفِيٌّ وَوَفِيٌّ

وَ كَفِيٌّ وَطٰسٓ وَرَؤُفٌ حَبِيْبُكَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُكَ

وَعَلٰى مَنْ فِيْ عِلْمِكَ وَرَسُوْلِكَ بِعَدَدِ كُلِّ

مَعْلُوْمٍ لَّكَ ○

ترجمہ: اے میرے رب تیرے ہی نام سے شروع ہے اور

تیرے ہی لئے تمام تعریف ہے میرا رب تنہا ہے، میرا رب بے نیاز ہے وہ کسی سے پیدا نہیں اور نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور میرے رب کے مثل کی طرح کچھ نہیں تو خوب خوب درود وسلام اور کرم ورحمت نازل فرما اور اپنی رحمت کو اپنی شان دائمی کے ساتھ دائم فرما اپنے حبیب پر، اپنے نبی پر، کہ تیرے رسول کی لاڈلی سیدہ بتول ہیں تیرے حبیب ﷺ نے ان کے بارے میں فرمایا کہ فاطمہ میرا لخت جگر ہے اور تیرے رسول کی لاڈلی تمام جنتی عورتوں کی سردارن ہیں، تیرے حبیب کی بزرگی ہیں، تیرے مصطفٰے کا فخر ہیں، تیرے مہربان کی خوبی ہیں، تیرے خالص محبت کی خالص چاہت ہیں، تیرے فضیلت والے کا فضل ہیں، تیرے فیض بخش کا فیض ہیں، تیری معرفت کی پہچان ہیں، سچائی کی نشست میں عزت وقدرت والے بادشاہ کے حضور ہیں، (اور خوب درود وسلام نازل ہو) تمام

فلکوں کے فلک کے نور پر، سب کے سب فلک میں گھوم رہے ہیں اور تیری فضیلت پر، تیری کائنات کے فخر پر، تیری کشادگی کی کشادہ پر، اور تیری رحمت کا دروازہ کھولنے والے پر، تیرے مہربان پر، تیری فکر پر، تیری مخلوق کی جانوں کی جان پر، تیری تفسیر پر، کن فیکون کے فیض پر، تیرے پارسا پر، تیری معافی پر، تیرے خالص بندہ پر، تکلیفوں کو دور کرنے والے پر، درجات کو بلند کرنے والے پر، کھیعص اور حمعسق کے فیض پر، حکمت والے خوب تعریف کئے ہوئے کی جانب سے اتارا گیا ہے، اور ہر چھوٹی سی چھوٹی بڑی سی بڑی چیز لکھی ہوئی ہے، تیرے ظاہر پر، تیرے پوشیدہ پر، تیری مہربانی کی مہربانی پر، تیری نرمی پر، تیری بخشش پر، تیرے دوست پر، تیرے شفقت کرنے والے پر، تیرے سارے جہان کی کفالت کرنے والے پر، اور تیرے عمدہ دوست پر، تیرے وفا

شعار پر، تیری کفایت پر، تیرے خالص دوست پر، تیری شان پر، تیری صفت پر، تیری حفاظت پر، تیری پہچان پر، تیری یکتائی اور بے نیازی کے فیض پر، تیری کشادگی کے فیض پر، تیرے فرش وعرش کے نور پر، تیری بزرگی پر، تیرے رسول کا وصف یہ ہے کہ وہ تعریف کیا ہوا ہے، فصاحت والے ہیں، پاک دامن ہیں، کمال شرافت والے ہیں، معاف کرنے والے ہیں، مہربان ہیں، مہربانی کرنے والے ہیں، کمال فضل ہیں، تلوار والے ہیں، فیض بخش ہیں، مقام فخر والے ہیں، مقام فقر والے ہیں، مقام فتح والے ہیں، سفارش کرنے والے ہیں، عمدہ دوست ہیں، شان وفا والے ہیں، شان کفایت والے ہیں، اورطس ہیں، اور بہت مہربان تیرے حبیب محمد ﷺ تیرے رسول ہیں اور ان سب پر درود وسلام نازل ہو جو تیرے اور تیرے رسول کے علم میں ہیں تیری تمام معلوم تعداد کے مطابق۔

# فضائل روحانی درود دعا و آیات بسملہ شریفہ

اللہ تبارک وتعالیٰ کا بے حد حمد و شکر ہے اور اس کے حبیب ﷺ کا بے شمار احسان و کرم اور فضل و عنایت ہے کہ پیش نظر روحانی درود دعا و آیاتِ بسملہ شریفہ حضور غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی و حضرت سید احمد کبیر رفاعی و سیدنا مخدوم احمد ولی اللہ رضی اللہ عنھم کے فیضان و کرم سے اس ناچیز کو عطا ہوئی۔ جو کہ حضور غوث الاعظم و حضور سید احمد کبیر رضی اللہ عنھما اپنے مخصوص مریدین کو عطا فرماتے تھے یہ درود دعا اور ایات بسملہ شریفہ ایک عظیم روحانی خزانہ ہے جس کو معمول میں لانے والا اللہ و رسول کی ہر نافرمانی سے محفوظ ہونے لگتا

ہے اور وہ دہر و قبر و حشر میں اللہ و رسول کی خوشنودی پانے والوں میں شمار کیا جاتا ہے جو شخص اس روحانی درود و دعا و آیات بسملہ شریفہ کو صبح و شام کثرت سے معمول میں رکھے گا تو اسے روحانی دنیا کی سیر حاصل ہوگی اور اس کا ظاہر و باطن انوار قلب و روح سے منور ہو جائے گا اسے نبی کریم ﷺ کی عظیم شفقتیں حاصل ہونگی اگر وہ صاحب اولاد نہ ہو تو اس کے اولاد ہوگی، بے مراد ہو تو بامراد ہوگا نا اہل ہو تو اہل میں سے ہو جائے گا، اگر مریض کو کسی بھی چیز مثلاً کشمش، کھجور، نمک، پانی پر دم کر کے کھلائے تو ہر مرض سے شفا ملے گی اگر بعد تہجد سے فجر کی نماز تک پڑھنے کا معمول بنائے تو انبیاء و اولیاء و افراد صلحا و اتقیا اور جماعت صدیقین و شہدا کی ارواح سے ملاقات ہوگی اور ان سب کا کامل فیض عطا ہوگا اس کو پڑھنے والا ہر بلا و مصیبت اور بیماری سے محفوظ ہوگا اس کا ظاہر و باطن نفس و شیطان کے شروں سے محفوظ

ہوجائے گا اس کی غیب سے مدد کی جائے گی، اس کے گرد ایک نورانی حصار ہوجائے گا جس سے جملہ شر والے افراد اس سے خوف زدہ رہینگے جو شخص چاند دیکھ کر دوسرے چاند کے نکلنے تک ۷۸۶/ بار پڑھے اسی طرح ہر مہینہ کرے تو اللہ اسے کن فیکون کا کامل فیض عطا کرے گا اسے علم لدنی اور علم وحکمت کے خزانے سے مالامال کیا جائے گا اسے خواجہ خضر علیہ السلام ودیگر اولیاء کرام کی زیارت کا شرف حاصل ہوگا اسے عبادت میں ذوق وشوق اور لذت حاصل ہوگی اور اس کا ظاہر وباطن ہر فساد سے محفوظ ہوگا، تمام زہریلے جانور ودیگر موذی حیوانات اس سے مانوس ہونگے اور وہ ان کے شروں سے محفوظ ہوگا اگر کسی کو زہریلے جانور نے کاٹ لیا ہو تو ایسے مریض کو پانی یا کسی چیز پر دم کر کے دے تو فوراً شفا ملے گی اور وہ جس مریض کو شفا کی نیت سے نگاہ بھر کر دیکھ لے تو فوراً شفا ملے گی اگر کسی پر سحر یا آسیب کا اثر

ہوتو پانی پر پڑھ کر پلائے تو فوراً شفا ملے گی۔ حاصل کلام یہ کہ اس روحانی درود دعا ؤ یات بسملہ شریفہ کے بے شمار فضائل و برکات ہیں جو تحریر میں نہیں آسکتے معمول میں رکھنے والا خود اس کا مشاہدہ کرے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔ بارگاہ مولیٰ میں دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ ہم سب کو اس کو پڑھنے اور اس کے فیض و برکات سے مالا مال فرمائے۔ آمین

بجاہ النبی الامی الامین والہ اجمعین

# روحانی درود دعا وٰایات بسملہ شریفہ

بِسۡمِ اللّٰهِ جَلِيۡلِ الشَّانِ عَظِيۡمِ

الۡبُرۡهَانِ شَدِيۡدِ السُّلۡطَانِ مَاشَاءَ اللّٰهُ كَانَ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ بِسْمِ

اللّٰهِ وَالشُّكْرُ لِلّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ وَالْمِنَّةُ لِلّٰهِ بِسْمِ

اللّٰهِ وَالْقُدْرَةُ لِلّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ وَالْعَظْمَةُ لِلّٰهِ بِسْمِ

اللّٰهِ وَالسُّلْطَانُ لِلّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ وَالْبُرْهَانُ لِلّٰهِ

بِسْمِ اللّٰهِ وَالْكِبْرِيَاءُ لِلّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ وَالْفَخْرُ لِلّٰهِ

بِسْمِ اللّٰهِ وَالْقَهْرُ لِلّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ وَالنِّعْمَةُ لِلّٰهِ

بِسْمِ اللّٰهِ وَالْمَجْدُ لِلّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ وَالثَّنَاءُ لِلّٰهِ

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ بِسْمِ اللهِ رَبِّیَ اللهُ حَسْبِیَ اللهُ

تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ اِعْتَصَمْتُ بِاللهِ لَاقُوَّةَ اِلَّا

بِاللهِ ○ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اَسْئَلُكَ بِحَقِّ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ

بِحُرْمَةِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ بِفَضْلِ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِعَظَمَةِ بِسْمِ

اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ بِجَلَالِ بِسْمِ اللهِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ بِجَمَالِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ

الرَّحِيْمِ وَبِكَمَالِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ

الرَّحِيْمِ وَبِذِكْرِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَبِفِكْرِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ بِعِلْمِ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ بِحِكْمَةِ بِسْمِ

اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ بِمَعْرِفَةِ بِسْمِ اللهِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ بِحَقِيْقَةِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ

الرَّحِيْمِ وَبِنِعْمَةِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَبِهَيْبَةِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِمَنْزِلَةِ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِمَلَكُوْتِ بِسْمِ

اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِجَبَرُوْتِ بِسْمِ اللهِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِكِبْرِيَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

الرَّحِيْمِ وَبِثَنَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَبِبَهَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِكَرَامَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِسُلْطَانِ بِسْمِ

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِبَرَكَةِ بِسْمِ اللّٰهِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِعِزَّةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

الرَّحِيْمِ وَبِقُوَّةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَبِقُدْرَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يَا اِلٰهِیْ اِغْفِرْ لِكُلِّ ذُنُوْبِیْ وَاسْتُرْ عُيُوْبِیْ

وَارْزُقْنِیْ حُبَّكَ وَحُبَّ حَبِیْبِكَ اِرْفَعْ قَدْرِیْ

وَاشْرَحْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ اَمْرِیْ وَارْزُقْنِیْ مِنْ

حَیْثُ لَا یُحْتَسَبُ ○ بِفَضْلِكَ وَ کَرَمِكَ یَا مَنْ

هُوَ کَلَامُهٗ کٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَاَسْئَلُكَ بِجَلَالِ

الْعِزَّةِ وَجَلَالِ الْهَیْبَةِ وَجَبَرُوْتِ الْعَظَمَةِ ○

اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ ○

اَلَّذِیْنَ لَاخَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَاهُمْ یَحْزَنُوْنَ ○

بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِیْنَ ○ وَاَنْ تُصَلِّیَ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ○

وَافۡعَلۡ لِیۡ کَذَا وَ کَذَا ......(وافعل لی کے

بعد اپنی حاجت کا ذکر کرے) اَللّٰھُمَّ

اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ○ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ

اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ○ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ

وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ○ آمین ○

بِسۡمِ اللّٰـــہِ وَالسَّـــلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا ھُوَ

مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللہِ صَلَاتِیۡ وَسَلَامِیۡ عَلٰی بَدۡرِ

التَّمَامِ اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ وَفِیۡ طُوۡلِ الزَّمَانِ ○

صَلٰوتُ اللہِ عَلٰی مَنۡ لَّہُ الشَّامَۃُ ○ عَلَامَۃُ

نَبِیِّنَا مُحَمَّدٌ مُظَلَّلٌ بِالرَّحْمَةِ ○ یَاسَیِّدِیْ

مُصْطَفٰی شَیْئًا لِلّٰہِ یَا سِرًّا مِنْ سِرِّ اللہِ ○

یَاسَیِّدِیْ مُصْطَفٰی شَیْئًا لِلّٰہِ ○ یَا فَیْضًا مِّنْ

فَیْضِ اللہِ یَا سَیِّدِیْ مُصْطَفٰی شَیْئًا لِلّٰہِ یَا

نُوراً مِّنْ نُّوْرِ اللہِ ○ یَا مُتَجَلِّی اِرْحَمْ ذُلِّیْ یَا

مُتَعَالِیْ اَصْلِحْ حَالِیْ یَا رَسُوْلَ اللہِ غَوْثًا

وَّمَدَدًا ○ یَا حَبِیْبَ اللہِ یَا عَلَیْکَ الْمُعْتَمَدُ ○

یَا نَبِیَّ اللہِ کُنْ لَّنَا شَافِعًا ○ اَنْتَ وَاللہِ شَفِیْعٌ

لَاتُرَدُّ یَا رَبِّ اَنْتَ اللہُ ○ یَسِّرْ لَنَا عِلْمَ لَااِلٰہَ

اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ حَقًّا وَّصِدْقًا ○

وَصَلِّ عَلٰی اَشْرَفِ نُوْرِ جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ

وَالْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل والا ہے زبردست غلبہ وسلطنت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے، اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف اللہ ہی کے لیئے ہے، اللہ کے نام سے شروع تمام شکر اللہ ہی کے لیئے ہے، اللہ کے نام سے شروع اور سارا احسان اللہ ہی کے لیئے ہے، اللہ کے نام سے شروع اور ساری قدرت اللہ ہی کے لیئے

ہے ،اللہ کے نام سے شروع ساری عظمت اللہ ہی کے لیئے ہے، اللہ کے نام سے شروع اورساری سلطنت اللہ ہی کے لیئے ہے اللہ کے نام سے شروع اورساری دلیل اللہ ہی کے لئے ہے ،اللہ کے نام سے شروع اورساری بڑائی اللہ ہی کے لیئے ہے ،اللہ کے نام سے شروع اورساراافخر اللہ ہی کے لیئے ،اللہ کے نام سے شروع اور سارا قہر اللہ ہی کے لیئے ہے ،اللہ کے نام سے شروع اورساری نعمت اللہ ہی کے لیئے ہے،اللہ کے نام سے شروع اورساری بزرگی اللہ ہی کے لیئے ہے ،اللہ کے نام سے شروع اورساری ثنا اللہ ہی کے لیئے ہے،اللہ کے نام سے شروع اوراللہ ہی کی مدد سے ہے۔ برائی سے پھیرنا اور بھلائی کی قوت دینا صرف اللہ کے بس میں ہے جو بلند عظمت والا ہے، اللہ کے نام سے شروع میرا پالنے والا اللہ ہے مجھے اللہ کافی ہے میں نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا میں نے اللہ کی

رسی کو مضبوطی سے تھاما اور اللہ کے سوا کوئی قوت نہیں، اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے، اے ہمارے اللہ ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے واسطے سے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم کی عزت وحرمت کے واسطے سے ،بسم اللہ الرحمن الرحیم کی بزرگی کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کی عظمت کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کے جلال کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کے جمال کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کے کمال کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ذکر کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کی فکر کی واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کے علم کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کی حکمت کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کی معرفت کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کی حقیقت کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کی

نعمت کے واسطے سے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم کی ہیبت کے واسطے
سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کے مقام ومرتبہ کے واسطے سے، بسم اللہ
الرحمن الرحیم کے ملکوت کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کے
جبروت کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کی بڑائی کے واسطے
سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کی ثنا کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن
الرحیم کی رونق کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کی کرامت کے
واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کے غلبہ وسلطنت کے واسطے سے،
بسم اللہ الرحمن الرحیم کی برکت کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم
کی عزت کے واسطے سے، بسم اللہ الرحمن الرحیم کی قوت کے واسطے
سے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم کی قدرت کے واسطے سے، اے
ہمارے معبود تو ہمارے تمام گناہوں کو بخش دے اور ہمارے
عیبوں کو ڈھانپ لے اور ہمیں اپنی اور اپنے حبیب ﷺ کی محبت

عطا فرما میری عزت کو بلند فرما دے میرے سینہ کو کھول دے
میرے کام کو آسان کر دے اور مجھے وہاں سے رزق عطا فرما جہاں
سے گمان نہیں کیا جاتا اپنے فضل و کرم کے واسطے سے اے وہ ذات
جس کا کلام کھیعص حمعسق ہے اور میں تجھ سے سوال کرتا
ہوں عزت کے جلال کے واسطے سے ہیبت کے جلال کے واسطے
سے اور عظمت کے جبروت کے واسطے سے کہ تو مجھے اپنے ان نیک
بندوں میں سے بنا دے جنہیں نہ کوئی خوف ہے اور نہ کوئی غم اے
تمام رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ مہربان تیری رحمت کا
واسطہ ہے اور اس بات کا سوال کرتا ہوں کہ تو خوب خوب درود
نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور ہمارے سردار محمد ﷺ کی
آل و اولاد پر اور اس بات کا سوال کرتا ہوں کہ میرا فلاں فلاں کام
بنا دے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اے ہمارے اللہ تو ہمیں

سیدھے راستے کی ہدایت عطا فرما ان کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا ان کا راستہ نہیں جن پر غضب ہوا اور نہ بھٹکے ہوؤں کا۔اے ہمارے اللہ تو قبول فرما۔

اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو، ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو اللہ کے رسول ہیں ،میرا درود وسلام پہنچے ماہِ کامل کے حضور قیامت تک اور زمانے کی درازی میں، اللہ کی رحمتیں نازل ہوں اس ذات پر جن کی بلند شان ہے ہمارے نبی محمد ﷺ کی پہچان یہ ہے کہ وہ رحمت کے ساتھ سایہ فگن ہیں اے میرے آقا مصطفیٰ ﷺ اللہ کے واسطے کچھ نظر کرم فرمائیں، اے اللہ کے راز کے راز، اے میرے آقا مصطفیٰ ﷺ اللہ کے واسطے کچھ نظر کرم فرمائیں ،اے اللہ کے فیض کا فیض ،اے میرے آقا مصطفیٰ ﷺ اللہ کے واسطے کچھ نظر کرم فرمائیں اے اللہ کے نور

کے نور، اے تجلی فرمانے والے میری خستہ حالت پر رحم فرمائیں، اے بلند رتبہ والے میری حالت درست فرمائیں، اے اللہ کے رسول فریاد ہے مدد کا طلب گار ہوں اے اللہ کے حبیب ﷺ اے آپ ہی پر بھروسہ کیا جاتا ہے اے اللہ کے نبی ﷺ آپ ہمارے سفارشی بن جائیں اللہ کی قسم آپ ایسے شفیع ہیں کہ آپ کی شفاعت کبھی رد نہیں کی جاتی ہے اے میرے پروردگار تو ہی اللہ ہے تو ہمیں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا علم عطا فرما حقیقت کے لحاظ سے اور سچائی کے اعتبار سے، اور تو خوب خوب درود نازل فرما تمام نبیوں اور رسولوں کے نور میں سب سے زیادہ شرافت و بزرگی والے پر اور تمام تعریف اس اللہ کے لئے ہے جو سارے جہان کا پالنہار ہے۔

# فضائل نقش تحفۂ روحانی:

جو شخص شب جمعہ یا روز جمعہ طہارت کاملہ کے ساتھ معطر ہو کر سلام محمدی ﷺ مع اسرار 'م' 'ح' 'م' 'د' کو پڑھے پھر اس نقش کو پیش نظر رکھتے ہوئے ۱۰۰ / بار کلمۂ طیبہ یا کوئی بھی درود شریف ورد کرے تو اس کا دل دائمی نور ایمان سے منور ہوگا اسے مقبول ذکر وفکر، حمد وشکر کرنے کی توفیق ملے گی، وہ وسوسۂ خناس سے محفوظ ہو کر عالم ارواح کے فیضان سے مستفیض ہوگا اور اگر اسی طرح معمول میں رکھے تو اسے روحی فداہ محبوب مصطفیٰ ﷺ کی زیارت پاک کا شرف حاصل ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ اگر کوئی مریض شب جمعہ یا روز جمعہ سلام محمدی ﷺ پڑھ کر اس نقش کو لکھے اور پانی میں ڈال کر محفوظ کر لے پھر روزانہ درود پاک پڑھ کر اس پانی کو پیئے تو ہر مرض سے شفا حاصل ہوگی۔ اور اگر کوئی پریشاں حال شخص اس نقش کو دیکھتے ہوئے درود پاک پڑھے پھر بارگاہ الٰہی میں اپنا حال عرض کرے تو اس کی ہر پریشانی رفع اور ہر دعا قبول ہوگی۔ مشاہدے کے مطابق اس نقش کے بے شمار فیوض وبرکات ہیں جو پڑھنے والے پر ظاہر ہو جائیں گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

❁ ❁ ❁

## مَعَ اسْمِ اللهِ الْمَلِكِ السَّلٰمِ

ص م ح م د لی اللہ علیہ وسلم

ص ح م د م لی اللہ علیہ وسلم

ص م د م ح لی اللہ علیہ وسلم

ص د م ح م لی اللہ علیہ وسلم

# التماس

اللہ ورسول کا قرب ورضا حاصل کرنے اورروحانی ترقی وقلبی تسکین کے واسطے اورظاہری وباطنی امراض مہلکہ سے محفوظ رہنے کے لئے درودِروحانی ودعائے قلبی، درود محمدی ﷺ سلام محمدی ﷺ مع اسرارم، ح،م، د،اور درود چہل میم منقوط وغیرمنقوط، ذکر وفکر طہارت اسلام، روحانی اعمال شعبان و رمضان، درود روحانی بفیضان باز اشہب ،صلوۃ الحسنین، درودِعلوی،درود فاطمی،درود حسینی،اور الصلوۃ الروحانیۃ بسم اللہ الاربعین بفیض الشیخ محی الدین، روحانی درود ودعا وآیات بسملہ شریفہ وغیرہ جیسی روحانی فیضان سے مرتب کتابیں خود بھی پڑھیں اوراحباب کوبھی پڑھنے کی دعوت دیں نیز آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم سے متعلق جملہ مطبوعات آپ

www.syed14peer.com

پربھی ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ رابطہ نمبر: 9695435877




www.syed14peer.com